رئیس الجامعہ کی دورہ برطانیہ پر روانگی

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع جہلم مورخہ 10 دسمبر بروز بدھ مرکزی جمعیت اہلحدیث برطانیہ کے امیر مولانا عبدالہادی العمری صاحب اور ناظم اعلیٰ مولانا محمد شعیب صاحب میرپوری کی خصوصی دعوت پر انگلینڈ روانہ ہوگئے۔ وہاں پر آپ نے

مورخہ 19 دسمبر 2003ء جامع مسجد التوحید اہلحدیث (ڈاکٹر صہیب حسن صاحب والی مسجد)

مورخہ 26 دسمبر 2003ء جامع مسجد الھدیٰ اہلحدیث بریڈفورڈ (مولانا حافظ اخلاق احمد صاحب والی مسجد)

مورخہ 2 جنوری 2004ء جامع مسجد اہلحدیث رادرھم اور

مورخہ 9 جنوری 2004ء جامع مسجد مکی اہلحدیث مانچسٹر (پروفیسر حمود الرحمٰن صاحب والی مسجد)

میں خطبات جمعۃ المبارک کے عظیم الشان اجتماعات سے خطاب فرمایا۔ مزید برآں اس تبلیغی دورہ کے دوران مورخہ 16 جنوری 2004ء مرکزی جامع مسجد اہلحدیث گرین لین برمنگھم اور مورخہ 23 جنوری 2004ء جامع مسجد الفاروق اہلحدیث گلاسکو میں خطبۂ جمعہ ارشاد فرمائیں گے۔ علاوہ ازیں قرآن و حدیث پر مبنی دروس کا سلسلہ جاری ہے۔ اور کئی ایک دعوتی و تبلیغی پروگراموں میں شرکت فرمائیں گے اور عیدالأضحیٰ سے قبل وطن واپس پہنچ جائیں گے۔ ان شاء اللہ

عیدالأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اُثریہ و جامعہ اُثریہ للبنات میں تعطیلات

عیدالأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اُثریہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 13 فروری بمطابق 21 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 6 فروری بمطابق 14 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔

جامعہ اُثریہ للبنات میں تمام شعبہ جات میں مورخہ 29 جنوری (جمعرات) بمطابق 6 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 13 فروری بمطابق 21 ذوالحجہ (جمعہ) کی شام تک رہیں گی۔